## سوال

(819)اگر کسی سے قرآن پاک گر جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی سے قرآن پاک گر جائے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے کہتے ہیں کہ اگر قرآن ہاتھ سے گر جائے تو اس کے برابر آٹا وغیرہ دیا جائے ؟ محمد سلیم بٹ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت میں اس کا کوئی کفارہ بیان نہیں ہوا اس لیے توبہ واستغفار ہی کافی ہے ہاں صدقہ کا گناہوں کا کفارہ ہونا کتاب وسنت سے ثابت ہے اگر چاہے تو کچھ صدقہ بھی کر دے برابر کی کوئی قید نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد01ص552**

محدث فتویٰ